شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09 ستمبر 2022

# پریس ریلیز

## نام نہاد ٹرانسجینڈر قانون در حقیقت ہم جنس پرستی کے مکروہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی شرمناک کوشش ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

**لاہور (پ ر):** نام نہاد ٹرانسجینڈر قانون در حقیقت ہم جنس پرستی کے مکروہ ایجنڈے کو آگے بڑھانے کی شرمناک کوشش ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ مئی 2018ء میں بنایا گیا یہ بیہودہ قانون در حقیقت مغرب کے سوشل انجینئرنگ پروگرام کا حصہ ہے۔ مغرب کا اپنا معاشرتی اور خاندانی نظام تو عرصہ ہوا مکمل طور پر شکست و ریخت کا شکار ہو چکا ہے اب وہ مسلمان ممالک کے معاشرتی اور خاندانی نظام کو تباہ و برباد کرنے کے درپے ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ پاکستان کی تمام بڑی سیاسی جماعتوں نے اس قانون کو قومی اسمبلی اور سینٹ میں مل کر پاس کروایا۔ گذشتہ دورِ حکومت میں ریاست مدینہ کا نام لینے والی سیاسی جماعت نے بھی اس قانون کو ختم کرنے کے لیے کوئی قدم نہیں اُٹھایا۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ خواجہ سراؤں کے حقیقی مسائل کو حل کرنا ضروری ہے البتہ اس کی آڑ میں ہم جنس پرستی اور دیگر غیر اسلامی و غیر اخلاقی سرگرمیوں کی ہرگز اجازت نہیں دی جاسکتی۔ اُنہوں نے جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد خان کی جانب سے ٹرانسجینڈر ایکٹ 2018ء میں ترامیم کے لیے سینٹ میں پیش کیے گئے بل کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کہ یہ مملکت خداداد پاکستان کی پارلیمان کا فرض ہے کہ اس بل میں موجود تمام غیر اسلامی شقوں کو نکال باہر کیا جائے۔ اس وقت ملک کی ایک بڑی مذہبی سیاسی جماعت بھی حکومت کا حصہ ہے لیکن بدقسمتی سے اسلامی شعائر سے بغاوت پر مبنی اس قانون کی قرآن و سنت کی روشنی میں تطہیر کے حوالے سے کوئی پیش رفت نہیں ہو رہی۔ اُنہوں نے فیڈرل شریعت کورٹ سے پرزور استدعا کی کہ ٹرانسجینڈر ایکٹ 2018ء کے خلاف پٹیشن پر جلد سماعت مکمل کی جائے اور اس قانون میں موجود اسلام کے منافی تمام شقوں کا خاتمہ کیا جائے۔

**جاری کردہ**

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: Friday 09 September 2022**

## Lahore (PR): "The so-called Transgender Act 2018 is, in fact, a shameful attempt to further the malevolent agenda of homosexuality."

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR): "The so-called Transgender Act 2018 is, in fact, a shameful attempt to further the malevolent agenda of homosexuality."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that this malicious act passed in May 2018 is part and parcel of the social engineering program of the West. The social fabric and family structure of the West has been totally decimated decades ago and now they are making all possible efforts to destroy the family and social structure of Muslim countries. The Ameer lamented that all major political parties acted like hand in glove to get this sinister act passed in the national assembly and the senate. The former ruling party that claimed to be a champion of *Riyasat e Madinah* did not take any step for the correction of this act. The Ameer remarked that although the real issues faced by the *Khwaja Sira* community must be addressed, yet no one must be allowed to participate, propagate or promote homosexuality and other non-Islamic and unethical practices. While fully supporting the bill proposing amendments to the Transgender Act 2018, submitted by Senator Mushtaq Ahmad Khan of Jamaat-e-Islami in the Senate of Pakistan, the Ameer said that it is the responsibility of the parliament in the God-given country of Pakistan to remove all un-Islamic clauses from the act. One of the biggest religious political parties in the country is part of the present coalition government but it is unfortunate that no measures are being taken to purge all elements that are in violation to the Qur'an and Sunnah from this act, which is rebellious to the rudimentary symbols of Islam. The Ameer implored the Federal Shariat Court for the early completion of hearing on the petition against the Transgender Act 2018 and remove all provision in the act that are in contradiction to Islam.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**